طلباء قانون مفرد اعضاء حکماء اور ڈاکٹرز کے علاوہ ہر گھر کی ضرورت

سحر
قانون مفرد اعضاء

عہد حاضر کے پیچیدہ اور خطرناک امراض کا انتہائی سستا
اور مکمل علاج

مصنف

حکیم و ڈاکٹر شہباز حسین اعوان کمالی سوہدروی

الفیضان انقلابی ہیلتھ کلینک و طبی کتب خانہ سوہدرہ

ناشر و ملنے کا پتہ

یاسین طبی کتب خانہ ریلوے روڈ دنیا پور ضلع
لودھراں فون 2773-06518
یاسین دواخانہ و طبی کتب خانہ دربار ہوٹل
نزد داتا دربار لاہور

طلباء قانون مفرد اعضاء حکماء اور ڈاکٹرز کے علاوہ ہر گھر کی ضرورت

سحر

قانون مفردِ اعضاء

عہد حاضر کے پیچیدہ اور خطرناک امراض کا انتہائی سستا
اور مکمل علاج

مصنف

حکیم و ڈاکٹر شہباز حسین اعوان کمالی سوہدروی
الفیضان انقلابی ہیلتھ کلینک و طبّی کتب خانہ سوہدرہ

ناشر و ملنے کا پتہ

یاسین طبّی کتب خانہ ریلوے روڈ دنیا پور ضلع
لودھراں فون 2773-06518

یاسین دواخانہ و طبّی کتب خانہ دربار ہوٹل
نزد داتا دربار لاہور

انتساب

میں اپنی اس علمی فنی کاوش کو جو اس مقصد کے لئے کی گئی ہے
کہ قانون مفرد اعضاء جلد سے جلد زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچے
اور زیادہ سے زیادہ دکھی نسانیت کی خدمت ہو سکے ۔

اپنے عزیز دوست حکیم محمد یاسین دنیا پوری کے صاحبزادے
حکیم محمد عارف کے نام سے موسوم کرتا ہوں مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ
تحریک تجدید طب میں میری پہلی ملاقات حکیم محمد عارف صاحب سے ہی
ہوئی تھی اور آپ انتہائی خلوص کے ساتھ میرے ساتھ پیش
آئے میری دعا ہے کہ اللہ تعالی حکیم محمد عارف صاحب کو سدا خوش
رکھے اور تمام مصیبتوں اور پریشانیوں سے بچائے رکھے اور اللہ تعالی
انہیں دین و دنیا میں ترقی عطا فرمائے ۔ آمین ثم آمین

حکیم ڈاکٹر شہباز حسین اعوان
سوہدروی کمالی

پیش لفظ

اللہ تعالیٰ کا لاکھ شکر ہے کہ اس نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا اور پھر اسے زندہ رہنے کے لئے ضروریات زندگی کی تمام اشیاء پیدا کیں اور انسان کو لاحق ہونے والی امراض کے لئے دوائیں بھی پیدا کر دیں اور اپنی حکمت عالیہ سے انسان کو ان دواؤں کا علم دے دیا تاکہ بوقت ضرورت ان دواؤں کو استعمال کر کے بیماروں سے نجات حاصل کر سکے۔

قانون مفرد اعصاء کے موجد حکیم انقلاب المعالج صابر ملتانی ہیں انہوں نے جدید تحقیقات کی روشنی میں قانون مفرد اعضاء جیسا فطری اور قدرتی طریقہ علاج ایجاد کیا۔ انتہائی سستا اور فوری اثر ہونے کی وجہ سے دنیا میں بہت تیزی سے پھیل رہا ہے۔

اس مختصر سی کتاب میں قانون مفرد اعضاء کے تحت جن خطرناک اور پیچیدہ امراض کا کامیاب علاج کیا وہ تفصیل کے ساتھ درج کیا گیا ہے۔

اور آخر میں معالجات میں استعمال ہونے والے مجربات کو مجربات سحر کے نام سے درج کیا ہے امید ہے کہ یہ مختصر کتاب طالب علموں حکیموں اور ڈاکٹروں کے لئے راہنماء ثابت ہوگی

حکیم ڈاکٹر شہباز حسین اعوان
سوہدروی کمالی

(1)

ایک مریض عمر تقریباً پچاس سال شدید کھانسی میں مبتلا تھا میرے پاس آیا مریض کی حالت یہ تھی کہ کھانس کھانس کر اس کو سانس چڑھ رہا تھا مریض نے بتایا کہ اسے دو تین سال پہلے کھانسی شروع ہوئی کھانسی کا کافی علاج کروایا مگر کچھ آفاقہ نہ ہوا آخر میں ٹی بی ہسپتال چلا گیا وہاں میرا معائنہ کیا گیا تو پتہ چلا کہ مجھے ٹی بی ہے ڈاکٹروں نے کہا کہ ایک سال تک پابندی کے ساتھ دوائیں کھاو میں نے ایک سال تک پابندی کے ساتھ دوائیں کھائیں اور میں بلکل ٹھیک ہوگیا مگر جب دوائیں چھوڑ دیں تو چند ماہ بعد پھر شدید کھانسی اور سانس چڑھنا شروع ہوگیا پھر کافی علاج کروایا مگر کچھ آفاقہ نہیں ہوا اب آپ کے پاس آگیا ہوں۔

میں نے مریض کی نبض دیکھی جو شدید عضلاتی غدی تھی خشک کھانسی اور دمہ جیسی کیفیت بن چکی تھی میں نے غدی اعصابی ملین اعصابی غدی تریاق اعصابی کھار اعصابی عضلاتی ملین اور تبخیری صبح دوپہر شام اور ساتھ اویسہ کف سیرپ دن میں تین بار پینے کے لئے دے دیا ایک ہفتہ کے بعد مریض دوبارہ آیا تو بہت خوش تھا کہنے لگا کہ اب مجھے کافی آرام ہے میں نے پھر یہی داو دے دی اور پابندی کے ساتھ یہی دوائیں دو تین ماہ تک استعمال کرنے کی ہدایت کردی تاکہ مرض ہمیشہ کے لئے ختم ہوجائے اور عضلاتی غزاؤں سے مکمل پرہیز کرنے کو کہا

(2)

ایک مریض بچہ عمر تقریباً دس سال لاہور سے میرے پاس لایا گیا مریض کے والد نے بتایا کہ ہم بچے کا علاج کرا کرا کر تنگ آ چکے ہیں مگر بچے کو کچھ آفاقہ نہیں ہوتا۔

بچے کا رنگ زرد تھا اور بچہ انتہائی کمزور تھا آنکھیں زردی مائل تھیں بچے نے بتایا کہ مجھے بھوک نہیں لگتی پیشاب زرد رنگ کا جلن کے ساتھ آتا ہے پیٹ میں درد اور جلن رہتی تھی بچے کا حافظہ کمزور تھا

میں نے بچے کی نبض دیکھی جو کہ شدید غدی عضلاتی تھی میں نے بچے کو اکسیر جگر صبح دوپہر شام کھانے کے لئے دے دیا اور مربہ گاجر صبح شام کھانے کا کہا اور اوپر سے ....ھ پینے کا کہا ۱۵ دن بعد بچہ اپنے والد کے ساتھ دوبارہ آیا تو بہت خوش تھا میں بچے کو پہچان نہیں سکا بچے کے والد نے بتایا کہ جوں جوں بچہ دوا کھاتا تھا ٹھیک ہوتا جاتا تھا اب بچہ کا رنگ بھی تبدیل ہو گیا تھا اور بچے کی بھوک بھی کھل گئی تھی پیشاب کی جلن ختم ہو گئی تھی بچے کے والد نے کہا کہ ہم چونکہ لاہور سے آتے ہیں اس لئے آپ اس دفعہ ایک ماہ کی دوا دے دیں تاکہ ہمیں دوبارہ نہ آنا پڑے میں نے ایک ماہ کی دوا دے دی اور عضلاتی اور غدی غزاؤں سے مکمل پرہیز کرنے کا کہا اور اعصابی غزائیں زیادہ کھانے کا کہا۔

(3)

ایک بچہ عمر بارہ سال بھروکی چیمہ سے میرے پاس آیا بچے نے بتایا کہ اس کو پیشاب کرتے وقت شدید جلن ہوتی ہے اور پیشاب کم آتا ہے اور زرد رنگ کا آتا ہے اور پیٹ میں درد رہتا ہے۔

میں نے بچے کو اکسیر جگر اور اعصابی غدی تریاق صبح دوپہر شام کھانے کو کہا ایک ہفتے کے اندر بچہ ٹھیک ہوگیا میں اسے مزید ایک ہفتہ دوائیں کھانے کو کہا تاکہ مکمل آرام آجائے۔

---

(4)

ایک مریضہ عمر ۳۰ سال شادی شدہ میرے پاس آئی اس نے بتایا کہ اسے دو سال سے عجیب تکلیف ہے کلیجہ ہر وقت جلتا رہتا ہے بھوک کم لگتی ہے ہاتھ پاوں کی تلیاں جلتی ہیں مریضہ کا رنگ زرد اور چہرے پر سوج بھی آئی ہوئی تھی ہاتھ پاؤں پر بھی ورم تھا۔

مین نے مریضہ کی نبض دیکھی جو غدی عضلاتی تھی میں نے اسے غدی اعصابی ملین اعصابی کھار اور اعصابی عضلاتی ملین تبخیری اور اکسیر جگر اور اعصابی غدی تریاق ملا کر دیا ساتھ ساتھ مربہ گاجر صبح نہار منہ اور اوپر سے ٹھنڈا دودھ پینے کو کہا ایک ہفتہ بعد مریضہ دوبارہ آئی تو اس کا ورم غائب تھا پاخانہ باقائدہ ہو گیا یہی دوائیں ایک

ہفتہ کے لئے اور دے دیں اور مکمل آرام کے لئے ایک ماہ تک علاج کرنے کو کہا۔

---

(5)

ایک مریضہ عمر ۵۰ سال میرے پاس آئی اس نے بتایا کہ اسے شدید قبض ہے معدہ میں ہلکا درد اور پیٹ میں ہوا کا گولہ سا رہتا ہے بھوک کم ہے۔

میں نے مریضہ کی نبض دیکھی جو غدی عضلاتی تھی میں نے اسے غدی اعصابی ملین اعصابی غدی تریاق اور اعصابی کھار تبخیرین اور تبخیری برابر وزن ملاکر ایک ہفتہ کے لئے دے دی اور گلقند رات کو سوتے وقت نیم گرم دودھ کے ساتھ کھانے کا کہا ایک ہفتہ بعد مریضہ دوبارہ آئی تو بہت خوش تھی اس نے کہا کہ ایک ہفتے کی دوا اور دے دو لہازا ایک ہفتہ یہی دوائیں استعمال کرنے کو کہا۔

---

(6)

ایک بچی عمر چودہ سال اپنی والدہ کے ساتھ آئی بچی کی والدہ نے بتایا کہ اسے چند ماہ سے یرقان ہوا ہے اس کا رنگ بلکل زرد تھا شدید قبض تھی اور بھوک کم ہو گئی تھی ہاتھ پاؤں کی تلیاں جلنے کے ساتھ ساتھ دل کی گھبراہٹ اور بے چینی تھی۔

نبض غدی عضلاتی تھی میں نے بچی کو اکسیر جگر کشنیزی صبح دوپہر شام ہمراہ آب تازہ اطریفل زمانی ایک چمچ رات کو سوتے وقت دودھ کے ساتھ کھانے کو کہا اور دن میں ایک بار مربہ گاجر دودھ کے ساتھ کھانے کو کہا ایک ہفتہ کے بعد بچی کی والدہ ن کہا کہ اب بچی پہلے سے ۵۰ فیصد ٹھیک ہے میں نے پھر ایک ہفتہ کے لئے یہی دوائیں دے دیں تاکہ مکمل آرام آجائے

---

(7)

کئی مریض اور عورتیں ایسی دوالینے آئیں جن کو مختلف امراض و علامات میں غدی تحریک تشخیص کر کے اعصابی غدی اور اعصابی عضلاتی ادویات تجویز کرائیں ان سے ان کو آفاقہ ہو گیا مگر کئی مریضوں کو دردیں شروع ہو گئیں ایسے مریضوں کو جب عضلاتی اعصابی ملین، تریاق تبخیر اور غدی عضلاتی ملین برابر وزن ملاکر دن میں تین بار دیں تو مریض فوراً صحت یاب ہو گیا ایسے مریضوں میں حرارت کا اخراج ہو رہا ہوتا ہے تو جب اعصابی ادویات کھلائی جاتی ہیں تو حرارت اور بھی خارج ہونی شروع ہو جاتی ہے جبکہ جسم کو حرارت کی ضرورت ہوتی ہے اور جب حرارت پیدا کرنے والی ادویات دی جاتی ہیں تو مریض فوراً صحت یاب ہونا شروع ہو جاتا ہے -

---

(8)

میرے پاس جو بھی جریان احتلام اور سرعت انزال کے مریض آتے ہیں تو میں ان کو اکسیر جریان کیپشول سفوف مغلظ کشنیزی اور حب مسکن صبح شام دودھ کے ساتھ کھانے کے لئے دیتا ہوں ایک دو ہفتہ سے مریض ٹھیک ہو جاتے ہیں.

---

(9)

ایک بچہ عمر دس سال اس کو گلے پڑے ہوئے تھے میرے پاس آیا اس نے بتایا کھاتے پیتے وقت سخت دشواری پیش آتی تھی بچے کی والدہ نے بتایا کہ اس نے مالٹے کھائے تھے جن کے کھانے سے اس کو گلے پڑ گئے اور ساتھ ہی بخار ہو گیا۔

میں نے بچے کو تریاق معدہ امعا اور غدی عضلاتی اکسیر اور غدی عضلاتی ہاضم کی صرف تین خوراکیں دیں دوسرے دن ہی بچے کے گلے اور بخار ختم ہو گیا۔

---

(10)

ایک دفعہ موسم سرما میں میرے بائیں گھٹنے میں اور گھٹنے کے نیچے درد کی ٹیسیں اٹھنا شروع ہو گئیں میں نے کوئی خاص توجہ نہ دی کہ درد چند منٹ کے بعد خود بخود ہی غائب ہو جائے گا۔

چند دن بعد مجھے بیٹھے بیٹھے پھر درد شروع ہو گیا میں نے سوچا کہ شائد سردی کی وجہ سے ہو رہا ہے کیونکہ میں روزانہ تیس کلومیٹر موٹر سائیکل چلاتا تھا صبح بھروکی چیمہ سے سوہدرہ جاتا تھا اور شام پھر سوہدرہ سے بھروکی چیمہ جاتا تھا۔

میں نے سردی کو بنیاد بنا کر تریاق معدہ امعا غدی عضلاتی اکسیر اور غدی عضلاتی ہاضم کی ایک خوراک کھا لی چند گھنٹوں کے بعد میرا درد رک گیا اور پھر مجھے درد بھول ہی گیا چند دن بعد پھر درد ہوا میں نے پھر یہی دوا کھائی درد پھر غائب ہو گیا میرے خیال میں درد سردی کی وجہ سے ہو رہا تھا اور گرم دواؤں سے ٹھیک ہو گیا ۔

---

(11)

ایک مریضہ عمر ۵۰ سال دائمی سردرد میں مبتلا تھی ہر جگہ سے علاج کرا کرا کر ناکام ہو چکی تھی لیکن سردرد ٹھیک نہیں ہوتا تھا اس کی یہ حالت ہو چکی تھی کہ اگر اس کو نشہ کا ٹیکہ بھی لگا دیا جاتا تھا تو اس کو

نشہ کا کوئی اثر نہیں ہوتا تھا اور نہ ہی درد رکتا تھا اس کو درد دورے کی حالت میں ہوتا تھا ایک بار دورے کی حالت میں میرے پاس لائی گئی -

میں نے نبض دیکھی جو شدید غدی عضلاتی تھی قارورہ زرد رنگ کا تھا اور جلن کے ساتھ مقدار بھی کم تھی میں نے اسے اعصابی عضلاتی اکسیر کی ۶ خوراکیں بنا دیں اور کہا کہ مربہ گاجر کے ساتھ ہر آدھے گھنٹے کے بعد کھلائیں اور بعد میں تھوڑا دودھ پلادیں اس طرح یہ ۶ خوراکیں کھلا دیں۔ مریضہ نے ۶ خوراکیں استعمال کرنے ک بعد بتایا کہ ابھی تک درد نہیں ہوا مگر دوا کھانے سے متلی کی شکائت ہوگئی جب دوا ختم ہوگئی تو متلی بھی ختم ہوگئی اور سر درد بھی ختم ہوگیا -

---

12)

ایک مریضہ عمر ۲۵ سال کو کھانسی نزلہ زکام کی شکائت تھی اور ساتھ ہی بھوک بھی ختم ہوگئی. مریضہ نے انگریزی ادویات استعمال کیں کھانسی نزلہ زکام تو ختم ہو گیا مگر درد شروع ہو گیا مریضہ نے درد سر ختم کرنے کے لئے انگریزی ادویات استعمال کیں۔

میں نے نبض دیکھی تو شدید عضلاتی غدی تھی میں نے اسے غدی اعصابی ملین ہاضم اور تریاق معدہ و امعا اور غدی عضلاتی اکسیر ملا کر چار دن کے لئے دی چار دن کے بعد مریضہ آئی تو اس نے بتایا کہ پہلے دن ہی درد سر ختم ہو گیا تھا اور بھوک لگنا شروع ہو گئی تھی سستی

ختم ہو گئی لہازا ایک ہفتہ کی دوا اور دے ۔ میں مریضہ کو نیند زیادہ آتی تھی اور بلڈ پریشر بھی کم تھا اس دوا سے ساری تکلیفیں ٹھیک ہو گئیں ۔

---

(13)

ایک مریض عمر ۳۵ سال میری پاس آیا اس نے بتایا کہ دو ماہ سے اس کے منہ سے اتنا پانی آتا ہے کہ ہر وقت تھوکتا رہتا ہے اس نے دو ماہ تک ڈاکٹروں سے علاج کرایا مگر کوئی آفاقہ نہ ہوا آخر کسی کے کہنے پر میرے پاس آیا۔

میں نے مریض کی نبض دیکھی تو شدید غدی عضلاتی تھی قارورہ زرد اور دن میں صرف دو بار آتا تھا اور کبھی کبھی جلن بھی ہوتی تھی ۔

میں نے اس کو غدی اعصابی ملین اعصابی غدی تریاق اور اعصابی عضلاتی ملین اور اعصابی کھار ملا کر دن میں تین بار کھانے کو کہا اور ساتھ ہی جوارش شاہی ایک چیچ دن میں دو بار کھانے کو کہا مریض چار دن کے بعد آیا اور بتایا کہ دوا کھانے کے دوسرے دن ہی منہ سے پانی آنا کم ہو گیا تھا اور اب بہت حد تک ٹھیک ہوں میں نے باقی دوائیں بند کر دیں اور صرف جوارش شاہی ایک ہفتہ کھانے کو کہا ۔

---

(14)

ایک مریض عمر ۲۵ سال بحرین سے پاکستان آیا تو اسے تبدیلی آب و ہوا اور پانی سے پیٹ میں ہلکا درد ہونے لگا اور پیٹ میں گیس ہونے لگی۔

میں نے مریض کو تریاق معدہ، غدی عضلاتی اکسیر اور غدی عضلاتی ہاضم ملاکر دیا چند دن کے بعد وہ دوبارہ آیا تو اس نے بتایا کہ بہت آفاقہ ہوا ہے میں نے کہا کہ یہی دوائیں چند دن اور استعمال کرو مکمل آرام آجائے گا۔

---

(15)

ایک مریض عمر ۲۵ سال میرے پاس آیا اس نے بتایا کہ وہ جب بھی دھوپ میں چند منٹ گزارتا ہے تو اس کا جسم اسے پھٹتا ہوا محسوس ہوتا ہے اور شدید خارش شروع ہو جاتی ہے۔

میں نے مریض کی نبض دیکھی جو کہ غدی عضلاتی تھی میں نے اسے اعصابی عضلاتی اکسیر صبح شام گاجر کے مربہ کے ساتھ کھانے کے لئے دے دی اور اوپر سے دودھ پینے کو کہا ایک ہفتہ کے بعد مریض آیا تو اس نے بتایا کہ اسے بہت آرام ہے میں نے ایک ہفتہ کے لئے یہی دوائیں اور کھانے کو دے دیں دو ہفتہ دوا کھانے سے مریض بالکل ٹھیک ہوگیا۔

(16)

ایک بچہ عمر ۶، ۷ سال اپنے چچا کے ساتھ آیا بچے کے چچا نے بتایا کہ دو دن سے شدید بارش ہو رہی ہے اور سردی پڑ رہی ہے بچہ بارش میں نہاتا رہا اور رات کو جب سویا تو بلکل ٹھیک تھا صبح جب اٹھا تو بچے سے اٹھا ہی نہ گیا بچے کی ایک ٹانگ بے حس و حرکت ہو گئی اور ٹانگ پر بوجھ نہیں پڑتا۔

میں نے بھی کی ٹانگ پر چٹکی بھری تو بچے کو کوئی تکلیف نہ ہوئی اور اسے احساس تک نہ ہوا بچے کی نبض انتہائی گہرائی میں تھی میں نے اعصابی تحریک تشخیص کر کے بچہ کو تین دن کے لئے عضلاتی اعصابی ملین عضلاتی غدی شدید تریاق تبخیر اور غدی عضلاتی شدید ملا کر دے دی اور لونگ دار چینی کا قہوہ دن میں تین بار پلانے کو کہا چند دن بعد بچے کا چچا دوا لینے آیا تو اس نے بتایا کہ بچہ صرف تین خوراکوں سے ہی ٹھیک ہو گیا تھا۔ اور باقی دوا اس نے نہیں کھائی اور ٹانگ جو پہلے سرد تھی اب گرم ہے میں یہ سن کر بڑا حیران ہوا کیوں کہ میرا خیال تھا کہ" بچہ ایک ہفتہ میں شفاء یاب ہو گا بلکہ ایک ماہ بھی لگ سکتا ہے جبکہ بچہ صرف دو دن میں ہی ٹھیک ہو گیا۔

اس وقت مجھے استاد صابر ملتانی کی کتاب کا وہ جملہ یاد آیا کہ اگر آپ بھی جلد از جلد تحریک بدل دیں گے تو صرف پانچ منٹ میں شفاء ہو سکتی ہے۔

(17)

ایک مریض عمر ۳۰ سال میرے پاس آیا اس نے بتایا کہ اس کے دانتوں میں درد ہوتا ہے اور دانتوں کو پانی لگتا ہے تو تکلیف ہوتی ہے۔

میں نے اسے مصفی خاص کیپسول دن میں تین بار کھانے کے لئے دیے تین چار دن بعد مریض نے بتایا کہ اب وہ بلکل ٹھیک ہے نہ دانت درد کرتے ہیں اور نہ ہی پانی ٹھنڈا لگتا ہے۔

---

(18)

ایک مریض عمر ۲۰ سال میرے پاس آیا اس نے بتایا کہ اس کے خصیوں کے نیچے گڑھ نکلا ہوا ہے اتنی شدید تکلیف تھی کہ درد کی وجہ سے تڑپ رہا تھا اس نے بتایا کہ تقریباً ایک ہفتہ سے یہ نکلا ہوا ہے کئی ڈاکٹروں سے دوا لی مگر آرام نہ آیا

میں نے مریض کو مصفی خاص کیپسول غدی عضلاتی اکسیر غدی اعصابی ہاضم اور تریاق معدہ امعا ملا کر کھانے کو دیا اور سہاگہ خام آٹے میں گوندھ کر روٹی بنا کر ایک طرف توے پر پکا کر اور ایک طرف سے کچی رکھ کر کچی پر تیل لگا کر گڑھ پر باندھنے کے لئے کہا اس نے ایسا

ہی کیا صرف ایک ہی دن میں گڑھ پک کر پھوٹ گیا اور تمام گندہ مواد نکل کر مریض کو صحت ہو گئی.

---

(19)

مجھے جب بھی کبھی پتلے دست آتے ہیں یا ہیضہ کا شبہ ہوتا ہے تو میں ہر قسم کی غزا بند کر کے صرف انڈے میں سرخ مرچ پیاز اور نمک ملا کر انڈے کو فرائی کر کے تھوڑی سی روٹی کے ساتھ کھا لیتا ہوں بس تھوڑی سی دیر کے بعد میری طبیعت ٹھیک ہو جاتی ہے ۔

---

(20)

دو ماں بیٹیاں میرے پاس آئیں ماں کی عمر ۶۰ سال اور بیٹی کی عمر ۳۰ سال کے لگ بھگ تھی دونوں کے گلے کے غدود بڑھنے کی وجہ سے گلے خراب تھے کافی علاج کرایا مگر ناکام ہوئیں میرں پاس آئیں میں نے دونوں کو مصفی خاص کیپشول ایک ہفتہ کے لئے دیلے ایک ہفتہ کے بعد وہ آئیں تو بتایا کہ کافی آرام ہے میں نے ایک ہفتہ کے لئے یہی دوا اور دے دی تاکہ مکمل آرام آجائے -

---

(21)

ایک مریض عمر ۳۰ سال میرے پاس آیا اس نے بتایا کہ اسے شدید قبض ہے اور مقعد میں خارش ہوتی ہے اور بھوک کم لگتی ہے۔

میں نے مریض کی نبض دیکھی جو کہ شدید عضلاتی غدی تھی

مین نے علاج کے لئے غدی اعصابی اکسیر غدی اعصابی ملین اور غدی اعصابی ہاضم صبح دوپہر شام اور غدی اعصابی مسہل سالٹ والا رات کو سوتے وقت پینے کے لئے دیا۔

چند دن کے بعد مریض دوبارہ آیا اور مریض نے بتایا کہ اب پہلے سے ٹھیک ہے اور پاخانہ بھی صحیح آتا ہے میں نے چند دن اور دوا کھانے کو کہا تاکہ مریض کلی طور پر صحت مند ہو جائے۔

(22)

معدہ کے درد جلن اور تبخیر کے کئی مریضوں کو غدی اعصابی اکسیر غدی اعصابی ہاضم اور غدی اعصابی ملین ملاکر استعمال کروایا اس سے بہت جلد آفاقہ ہوا۔

بخار نزلہ زکام کھانسی اور جسم ٹوٹنے کی لئے اکثر مریضوں کو غدی عضلاتی اکسیر غدی اعصابی اکسیر تریاق معدہ امعاء اور غدی اعصابی ہاضم ملاکر دیا بہت اچھا پایا۔

---

(23)

ایک مریضہ عمر ۵۰ سال جس کے سارے جسم پر چھپاکی نکل آئی شدید تکلیف اور گھبراہٹ تھی۔

میں نے مریضہ کو اکسیر چھپاکی تین ماشہ کھلادی اور دو خوراکیں ڈیڑھ ڈیڑھ ماشہ کی بنا دیں اور اسے کہا کہ یہ آدھے گھنٹے کے بعد کھا لے اسے پہلی خوراک سے ہی آفاقہ ہوگیا اور تین خوراکیں استعمال کرنے سی بالکل ٹھیک ہوگئی۔

---

(24)

ایک مریضہ عمر ۳۰ سال عرصہ دو ماہ سے چھپاکی تھی ڈاکٹری علاج سے آفاقہ ہو جاتا تھا مگر مستقل آرام نہ آتا تھا۔

میں نے مریضہ کو اکسیر چھپاکی چار روز کے لئے دے دی مریضہ چار روز کے بعد آئی تو بہت خوش تھی اس نے بتایا کہ دوا کھاتے ہی آفاقہ شروع ہو گیا تھا اور چار دن استعمال کرنے سے بہت حد تک ٹھیک ہو گئی ہوں میں نے ایک ہفتہ کے لئے اور دوا دے دی۔

---

(25)

ایک مریضہ عمر ۲۰ سال کھانسی میں مبتلا تھی میں نے ہسٹری لی تو اس نے بتایا کہ مجھے کھانسی مالٹے کھانے سے ہوئی تھی اور اب بھی کوئی کھٹی چیز کھاتی ہوں تو فوراً تکلیف شروع ہو جاتی ہے۔

میں نے نبض دیکھی تو شدید عضلاتی غدی تھی اسے خشک کھانسی تھی میں نے علاج کی لئے غدی اعصابی اکسیر غدی اعصابی ملین اور غدی اعصابی ہاضم اور اعصابی غدی تریاق برابر وزن ملاکر چار دن کے لئے دوا دے دی اور ہدائیت کی کہ وہ عضلاتی غذائیں بالکل بند کر دے۔

چار دن کے بعد وہ آئی تو بہت خوش تھی اس نے بتایا کہ اب پہلی سے کافی آرام ہے اور معمولی تکلیف رہ گئی ہے اس دفعہ وہ اپنے ساتھ ایک اور مریض بھی لے کر آئی تھی میں نے پھر وہی دوا چار دن کے لئے دے دی۔

---

(26)

ایک مریضہ عمر ۲۵ سال اپنے خاوند کے ساتھ آئی اس نے بتایا کہ اسے ایک ماہ سے پیشاب تھوڑا تھوڑا جلن کے ساتھ آرہا ہے اور دل بہت گھبراتا ہے رات کو نیند نہیں آتی اور غصہ بہت آتا ہے بہت علاج کرائے ہیں مگر آرام نہ آیا انگریزی دواؤں سے تکلیف اور زیادہ ہو جاتی ہے۔

میں نے نبض دیکھی تو شدید غدی عضلاتی تھی میں نے اعصابی عضلاتی میں اعصابی غدی تریاق اور غدی اعصابی ملین اور اعصابی کھار برابر وزن ملاکر چار دن کے لئے دے دی اور ساتھ الائچی زیرہ سفید اور گل سرخ کا قہوہ دن میں تین مرتبہ ٹھنڈا کر کے میٹھا ڈال کر پینے کو کہا مریضہ چند دن کے بعد آئی تو بہت خوش تھی اس نے بتایا کہ پیشاب کی رکاوٹ جلن اور گھبراہٹ ختم ہو گئی ہے میں نے یہی دوا مزید چار دن کھانے کے لئے کہا۔

---

(27)

غدی تحریک کے تمام مریضوں کو الائچی اور زیرہ سفید گل سرخ کی چائے کا قہوہ بے حد مفید رہتا ہے اس لئے دوسری ادویات کے ساتھ قہوہ ضرور دیں یہ قہوہ دن میں تین بار چینی ڈال کر ٹھنڈا کرکے پلانا چاہیئے۔

(28)

ایک طالب علم عمر ۲۵ سال میرے پاس آیا اس نے بتایا کہ اس کا پڑھنے کو دل بالکل نہیں کرتا پیشاب جل کر آتا ہے اور چند قدم چلوں تو سانس پھول جاتا ہے بھوک کم ہے ۔
میں نے نبض دیکھی تو شدید غدی عضلاتی تھی میں نے علاج کے لئے غدی اعصابی ملین اعصابی غدی تریاق اور اعصابی عضلاتی ملین اعصابی کھار ملاکر ۸ دن کے لئے دے دی اور اعصابی غذائیں زیادہ کھانے کو کہا ۸ دن کے بعد اس نے بتایا کہ اب بہت حد تک ٹھیک ہوں میں نے مزید ۱۵ دن اور دوا استعمال کرنے کو کہا ۔

---

(29)

ایک مریض عمر ۲۵ سال میرے پاس آیا اس نے بتایا کہ اسے پیشاب کے ساتھ خون آرہا ہے پیشاب درد اور جلن کے ساتھ آرہا ہے اس نے بتایا کہ جب اسے تکلیف شروع ہوئی تو ایک ڈاکٹر سے علاج کرایا ڈاکٹر صاحب نے کہا تجھے بہت خطرناک بیماری ہے اس نے بہت مہنگی ادویات لکھ دیں میں نے وہ ادویات لے کر استعمال کرائیں مگر افاقہ نہیں ہوا تو میں نے ڈاکٹر صاحب کو بتایا تو اس نے اور دوائیں

لکھ دی ہیں اب میں آپ کے پاس آگیا ہوں اس لئے آپ مجھے اچھی طرح چیک کریں

میں نے مریض کی نبض دیکھی تو شدید غدی عضلاتی تھی میں نے اسے تسلی دی کہ فکر نہ کرو بہت جلد ٹھیک ہو جاوگے

میں نے علاج کے لئے اعصابی عضلاتی ملین اعصابی غدی تریاق اور اعصابی کھار برابر وزن ملاکر دی دی اور ہدائت کی کہ اعصابی اغزیہ زیادہ استعمال کرے گنے کا رس یا گاجر کا جوس دن میں دو بار ضرور پیئے ایک ہفتہ کے بعد مریض آیا تو بہت خوش تھا اس نے بتایا کہ دوا کھانے کے پہلے دن ہی پیشاب سے خون آنا بند اور درد ختم ہو گیا تھا ایک ہفتہ کے بعد مجھے ایسے لگ رہا ہے کہ جیسے میں بیمار ہی نہیں ہوا تھا

میں نے ایک ہفتہ کی اور دوا دے دی تاکہ اچھی طرح تحریک تبدیل ہو جائے اور مرض دوبارہ نہ ہو مریض دوا لے کر دعائیں دیتا ہوا چلا گیا

---

(30)

ایک مریض عمر ۴۵ سال میرے پاس آیا اس نے بتایا کہ اس ایک عجیب سی تکلیف ہے وہ یہ کہ میں سارا دن تو ٹھیک رہتا ہوں مگر جب رات ہوتی ہے تو پیٹ میں گولہ سا بن جاتا ہے اور ایسے لگتا ہے کہ جیسے پیٹ سے اٹھ کر گلے میں اٹک گیا ہے اور سانس بند ہو جاتا ہے اور فوراً اس خوف سے کہ میں مر نہ جاؤں نیند سے بیدار ہو جاتا ہوں

اس نے بتایا کہ اس نے بہت سے ڈاکٹروں سے علاج کرایا ہے مگر آرام نہیں آیا۔

نبض غدی عضلاتی تھی اور اعصابی کھنچاؤ کی شکائیت تھی قارورہ زرد رنگ کا تھا۔

علاج کے لئے غدی عضلاتی مسہل اعصابی غدی تریاق اعصابی عضلاتی ملین اور اعصابی کھار اور تبخیری صبح دوپہر شام دی اور ساتھ زیرہ سفید اور الائچی کا قہوہ پینے کو کہا ایک ہفتے کے بعد اس نے بتایا کہ اب بالکل ٹھیک ہوں۔

---

(31)

ایک مریضہ عمر ۴۰ سال میرے پاس آئی اس نے بتایا کہ اسے عرصہ تین سال سے ورم معدہ کی تکلیف ہے اور فم معدہ پر ہروقت درد رہتا ہے کافی علاج کرایا مگر کوئی آرام نہیں آیا۔

میں نے نبض دیکھی تو غدی عضلاتی تھی میں نے اسے بتایا کہ اسے اعصابی کھنچاؤ ہے علاج کے لئے غدی اعصابی اکسیر اور غدی اعصابی ملین ایک ہفتہ کے لئے دی ایک ہفتہ کے بعد اس نے بتایا کہ اسے کوئی خاص فرق نہیں ہے پھر میں نے دوبارہ غدی اعصابی ملین اعصابی کھار اعصابی غدی تریاق اور غدی اعصابی مسہل ملاکر دیا ساتھ تبخیری بھی دی سب دوائیں دن میں تین بار برابر وزن کھانے کو کہا

کہا ایک ہفتہ کے بعد اس نے بتایا کہ اب بہت حد تک ٹھیک ہوں میں نے یہی دوائیں ایک ہفتہ کے لئے دی دیں ۔

---

(32)

ایک مریض عمر ۵۵ سال جھنگ سے آیا اس نے بتایا کہ پہلے تو اسے پیشاب بند ہوا پھر ہسپتال میں پیشاب کی نالی لگادی اور اس طرح ہسپتال میں داخل ہوکر میرا علاج ہوتا رہا ۱۵ دن کے بعد نالی نکال دی اور مجھے گھر بھیج دیا گھر آکر مجھے شدید درد شروع ہو گیا ۔

میں نے نبض دیکھی جو غدی عضلاتی شدید تھی قارورہ کا رنگ زرد تھا فم معدہ پر درد کے ساتھ گھبراہٹ بھی تھی اور کبھی کبھی شدید سر درد بھی ہوتا تھا۔

میں نے مریض کو تسلی دی کہ آپ انشاء اللہ بہت جلد ٹھیک ہو جائیں گے علاج کے لئے غدی اعصابی مسہل اعصابی غدی تریاق اعصابی کھار

اور غدی اعصابی ہاضم اور تبخیری ملا کر دن میں تین بار قہوہ زیرہ سفید الائچی اور سونف کے ساتھ کھانے کو کہا رات کو غدی اعصابی مسہل سالٹ والا ایک کپ پینے کو کہا ایک ہفتہ کے بعد مریض دوبارہ آیا تو اس نے بتایا کہ اسی پہلی روز ہی سے پاخانہ کھل کر آگیا تھا اور دوسری تکلیف بھی اب ٹھیک ہے میں نے ایک ہفتہ کی اور دوا دے دی۔

(33)

ایک مریض عمر تیس سال فوج میں ملازم تھا میرے پاس آیا وہ فوج میں کھیل کی ٹیم کا کھاڑی ہے کھیل کے دوران اسے ٹانگ میں شدید درد ہو گیا اسی فوجی ہسپتال میں داخل کرا دیا گیا جہاں اس کا انگریزی علاج شروع ہو گیا جس سے مریض کا درد تو ٹھیک ہو گیا مگر معدہ کی جلن قبض اور گھبراہٹ شروع ہو گئی۔

مریض ہسپتال سے فارغ ہو کر آیا تو اس نے مجھے دکھایا میں نے نبض دیکھی تو شدید غدی عضلاتی تھی پیشاب زرد اور زور لگا کر آتا تھا اور پیشاب کرتے وقت جلن اور درد ہوتا تھا۔

علاج کے لئے اسے غدی اعصابی مسہل اعصابی غدی تریاق اعصابی عضلاتی ملین اعصابی کھار دن میں تین بار کھانے کے لئے دی مریض کو گنے کا رس پینے کا کہا اور تمام اعصابی غذائیں کھانے کا کہا الائچی زیرہ سفید کا قہوہ بھی پینے کا کہا۔

صرف چار دن کے اندر مریض کو آفاقہ ہو گیا اسی دوران اسکی چھٹیاں بھی ختم ہونے والی تھیں اس لئے اس نے کہا کہ مجھے زیادی دوائی دے دو میں نے یہی دوائیں تین ہفتہ کے لئے دیے دیں اور با پرہیز استعمال کرنےکا کہا۔

---

(34)

ڈاکٹر رشید صاحب ہومیو پیتھی کے نامور ڈاکٹر ہیں مولانا ظفر علی خان ہومیوپیتھک میڈیکل کالج میں علم الادویہ پڑھاتے ہیں آج کل لاہور چھاونی میں کلینک کر رہے ہیں عجیب اتفاق ہے کہ جب میں نے اپنی پہلی کتاب لکھی تو میں نے ڈاکٹر صاحب کا علاج کیا تھا جس کا ذکر میں نے اپنی کتاب میں رہنمائے مطب کے عنوان سے دیا ہے اور اب جبکہ دوسری کتاب لکھ رہا ہوں تو ڈاکٹر صاحب کی والدہ صاحبہ کر رہا ہوں جو کہ بہت کامیاب جا رہا ہے کیونکہ اب ڈاکٹر صاحب کی والدہ اس قابل ہو گئی ہے کہ گھر کا کام کاج خود کر لیتی ہیں جبکہ پہلے وہ بستر سے بھی اٹھ نہیں سکتی تھیں۔

واقعہ یوں ہوا کہ ایک دن میں اپنے کلینک میں بیٹھا تھا کہ اچانک ڈاکٹر صاحب آئے وہ بڑے گھبرائے ہوئے تھے میں نے پوچھا تو بتایا کہ میری والدہ صاحبہ بہت علیل ہیں اور دو تین ماہ سے ان کا ڈاکٹری علاج ہو رہا ہے مگر تکلیف مسلسل بڑھ رہی ہے اب وہ بستر فراش پر ہیں میں نے پوچھا کہ ہوا کیا ہے ؟ انہوں نے بتایا کہ الٹرا ساؤنڈ میں معلوم ہوا ہے کہ پتہ میں پتھریاں ہیں اس کے علاوہ کھانسی اتنی شدید ہے کہ غوطے آجاتے ہیں چہرہ ا۔ پاؤں پر سوجن ہے دل گھبراتا ہے بے چینی اور بے خوابی ہے جسم میں جلن ہوتی ہے آپ اس وقت میرے ساتھ چلیں اور خود چل کر دیکھ لیں

میں اسی وقت ان کی ساتھ ان کے گھر گیا مریضہ کی نبض دیکھی تو شدید غدی عضلاتی تھی چہرے اور ہاتھ پاوں پر شدید ورم اور کھانسی شدید تھی پیلے رنگ کی بلغم نکلتی تھی میں نے غدی عضلاتی نبض تشخیص کی لیکن اطمینان کے لئے میں نے مریضہ کا قارورہ دیکھا قارورہ کا رنگ سرسوں کے تیل کی طرح زرد تھا

علاج کے لئے اعصابی اغذیہ میں مولی گاجر مونگرے علیحدہ علیحدہ یا ملا کر سالن پکائیں لال مرچ کی بجائی سیاہ مرچ ڈال کر صبح شام کھلائیں زیرہ سفید الائچی اور گل سرخ کا قہوہ صبح شام پینے کے لئے کہا دوپہر کو بھی یہی سالن کھانے کے لئے کہا

ادویات میں اعصابی عضلاتی ملین غدی اعصابی اکسیر اعصابی غدی تریاق برابر وزن ملا کر کھانی کے لئے دیں اور جوارش شاہی صبح شام ایک ایک چمچ کھانے کا کہا چونکہ مریضہ کو شدید قبض کی وجہ سے پیٹ انتہائی سخت اور پھولا ہوا تھا اس لئے سقمونیا ۴ رتی گلقند میں ملا کر دودھ کے ساتھ پینے کی لئے دیا یہ علاج ایک ہفتہ کرایا اس کے بعد میں دوبارہ دیکھنے گیا تو مریضہ کے ہاتھ پاؤں کا ورم اُتر گیا تھا اور نیند صحیح آنے لگی تھی میں نے ایک ہفتہ اور یہی علاج کرنے کے لئے کہا دوسرے ہفتے مریضہ کی تمام علامات ختم ہوگئیں

گلقند اور سقمونیا سے پاخانے زیادہ آرہے تھے اس لئے یہ بند کردی اور باقی دوا جاری رکھی اور غدی اعصابی اکسیر کی بجائے غدی اعصابی مسہل دے دی تیسرے ہفتے مریضہ بلکل تندرست ہوگئی میں نے ابھی

مسلسل دوا استعمال کرنے کا کہا تا کہ مرض بالکل ختم ہو جائے۔ دوا کے ساتھ غزائی علاج پر بھی سختی کے ساتھ عمل جاری ہے۔

ڈاکٹر صاحب اب قانون مفرد اعضاء کی شیدائی بن گئے ہیں میری کتاب گائیڈ قانون مفرد اعضاء اور دوسری ابتدائی کتب انہوں نے لے لی ہیں اور مطالعہ کر رہے ہیں۔

---

(35)

ڈاکٹر صاحب کی والدہ صاحبہ کے واقعہ سے ڈاکٹر صاحب کے والد صاحب کے ایک معالجہ کا واقعہ یاد آگیا وہ اس طرح ہے کہ

ایک دفعہ ڈاکٹر صاحب کے والد صاحب جو کہ نابینا ہیں ان کے پیٹ میں درد شروع ہو گیا وزیر آباد کے مشہور ڈاکٹروں سے علاج کرایا مگر آرام نہ آیا تو انہوں نے فیصلہ کیا کہ والد صاحب کو کسی بڑے ہسپتال میں داخل کرا دیا جائے ابھی یہ مشورہ ہو رہا تھا کہ میں ڈاکٹر صاحب کلینک پر اچانک پہنچ گیا انہوں نے مجھ سے مشورہ کیا میں نے کہا کہ میں دیکھے بغیر کچھ نہیں بتا سکتا

ڈاکٹر صاحب مجھے لے کر گھر چلے گئے میں نے نبض دیکھی تو شدید غدی عضلاتی تھی ریاح کا اخراج بند تھا اور پیٹ میں شدید درد تھا میں نے انہیں تسلی دی کہ گھبرانے کی اور کہیں لے جانے کی ضرورت نہیں ہے بزرگ بہت جلد ٹھیک ہو جائیں گے میں اور ڈاکٹر صاحب کلینک پر آئے میں نے انہیں نسخہ لکھ دیا اور مسلسل تین دن استعمال کرنے کو کہا۔

ھوالشافی رات کو سوتے وقت اڑھائی تولے گلقند میں چار رتی سقمونیا ملا کر نیم گرم دودھ کے ساتھ کھلائیں اور دن میں تین بار زیرہ سفید الائچی اور گل سرخ کی چائے پلائیں ڈاکٹر صاحب اسی وقت پنساری سے دوائیں لے آئے اور میری ہدائیت کی مطابق استعمال کرنی شروع کر دیں۔

چند دن کے بعد ڈاکٹر صاحب نے بتایا کہ والدہ صاحبہ کا پاخانہ کھل کر آگیا ہے اور پیٹ نرم ہو گیا ہے اور تمام علامات غائب ہو گئی ہیں اور اب بالکل صحت مند ہیں۔

---

(36)

ایک روز جب ڈاکٹر صاحب کی والدہ صاحبہ کو دیکھنے گیا تو ان کے پڑوس میں سے ایک عورت آئی اس نے بتایا کہ ہم نے بھی آپ کو ایک لاعلاج مریض دکھانا ہے میں نے کہا کہ لے آو عورت نے کہا کہ مریضہ عرصہ ۵ سال سے بستر پر پڑی ہے آپ چل کر دیکھ لیں یہاں نہیں آسکتی۔

میں فارغ ہو کر ان کے گھر گیا تو دیکھا کہ مریضہ کی عمر ۷۰ سال ہے اسے اس طرح سانس چڑھا ہوا تھا جیسے کے ایک دو میل پیدل بھاگ کر آئی ہے بھوک بند تھی دمے جیسی کیفیت تھی اعصابی کھنچاو شدید تھا میں نے انہیں تسلی دی کہ آپ فکر نہ کریں انشاء اللہ بہت جلد ٹھیک ہو جاو گی۔

میں نے مریضہ کی ہر طرح کی غزا بند کر کے صرف مولی موںگرے شلجم کا سالن کالی مرچ کے ساتھ پکا کر کھانے کو کہا دن میں دو بار یا تین بار جتنی بھوک لگے یہی کھانا ہے دوائی علاج میں اعصابی عضلاتی ملین اعصابی غدی تریاق غدی اعصابی ہاضم دن مین تین بار اور رات کو سوتے وقت گلقند نیم گرم دودھ کے ساتھ کھانے کو کہا اور زیرہ سفید اور الائچی اور گل سرخ کا قہوہ پینے کو کہا۔

مریضہ کی بہو سوہدرہ آئی اور ایک ہفتہ کی دوا لے آئی دوسری ہفتے میں اپنے کلینک پر بیٹھا ہوا تھا کہ مریضہ اپنی بہو کے ساتھ چل کر آئی میں یہ دیکھ کر حیران رہ گیا کہ اتنی جلدی یہ کیسے چل پڑی مریضہ نے بتایا کہ مجھے دوا سے بہت زیادہ افاقہ ہوا ہے میں نے خدا کا شکر ادا کیا کہ اس نے ایک لاعلاج مریض کو صحت بخشی۔

اور مریضہ کو یہی دوائیں ایک ہفتہ کے لئے اور دے دیں

---

(37)

ایک مریض عمر ۴۰ سال میرے پاس آیا مریض نے بتایا کہ اسے ۵ سال سے خونی بواسیر کی شکائت ہے کافی علاج کرایا مگر آفاقہ نہ ہوا شدید قبض بھی تھی۔

میں نے مریض کی نبض دیکھی تو شدید عضلاتی غدی تھی علاج کے لئے میں نے اسے حب بندق مصفی خاص کیپشول صبح دوپہر شام اور غدی اعصابی مسہل سالٹ والا رات کو سوتے وقت پینے کے لئے

ایک ہفتہ کی لئے دیا ایک ہفتہ کی اندر اندر تمام علامات ختم ہو گئیں اور وہ بلکل ٹھیک ہو گیا ایسے مریض کو غدی اعصابی مسہل سالٹ والا ضرور پلائیں تاکہ ایک دو پاخانے آجائیں۔

مجربات

سحر قانون مفرد اعضاء

یہاں صرف وہ نسخہ جات دیے جا رہے ہیں جو اس کتاب کے معالجات میں استعمال ہوئے ہیں قارئین اگر کسی مریض کا علاج اس کتاب سے دیکھ کر کرنا چاہیں تو معالجات میں نسخہ جات کا نام دیکھ لیں اور اجزاء یہاں مجربات سے دیکھ کر بنا لیں۔

○ اعصابی عضلاتی ملین

هوالشافی قلمی شورہ ۳ تولہ تخم کاسنی ۵ تولہ جو کھار ۵ تولہ گل سرخ ۸ تولہ سفوف بنا لیں۔

فوائد اعصابی عضلاتی ملین ہے ہر قسم کی غدی عضلاتی اور غدی اعصابی امراض و علامات کی لئے تریاق ہے یرقان پیشاب کی جلن اور گھبراہٹ کے لئے بہترین دوا ہے۔

اعصابی کھار

هوالشافی قلمی شورہ ۵ تولہ نوشادر ۵ تولہ مرچ سیاہ ۵ تولہ سفوف بنالیں بس تیار ہے -
خوراک ۴ رتی تا ڈیڑھ ماشہ -
فوائد اعصابی غدی اثرات کا حامل نسخہ ہے پیشاب کی بندش جلن خونی بواسیر یرقان پتھری گردہ مثانہ اور ہائی بلڈ پریشر کے لئے لاجواب ہے -

---

عضلاتی اعصابی ملین

هوالشافی آملہ ۲ تولہ ہلیلہ سیاہ بریاں ۳ تولہ گندھک آملہ سار ۳ تولہ سفوف بنالیں بس تیار ہے -
فوائد عضلاتی اعصابی ملین ہے جسم میں بلغم کی زیادتی موٹاپا اسہال نزلہ زکام درد سر اور اعصابی سوزش کے لئے بے حد مفید ہے -

---

عضلاتی غدی شدید

هوالشافی لونگ ۱ تولہ دارچینی ۱ تولہ جلوتری ۲ تولہ سفوف بنالیں بس تیار ہے -
خوارک ۲ رتی تا ۱ ماشہ

فوائد عضلاتی غدی افعال و اثرات کاحامل ہے ہر قسم کی اعصابی غدی اور اعصابی عضلاتی امراض و علامات کی لئے مفید ہے مثلاً بلغمی بخار دمہ کھانسی ضعف جگر کے لئے مفید ہے چھوٹے بچوں کی اکثر امراض و علامات کی لئے دوسری ادویات کے ساتھ ملا کر کھلانے سے بہت مفید ہے

غدی عضلاتی ملین

ھوالشافی نمک خوردنی ۲ تولہ اجوائن دیسی ۳ تولہ گندھک آملہ سار ۳ تولہ سفوف بنالیں بس تیار ہے

خوراک ۴ رتی تا ۱ ماشہ تک

فوائد غدی عضلاتی ملین ہے بواسیر ریاحی اور تیزابیت کے لئے مفید ہے تمام عضلاتی اعصابی اور عضلاتی غدی عضلاتی غدی امراض و علامات کے لئے مفید ہے

غدی عضلاتی اکسیر

ھوالشافی پارہ ۱ تولہ گندھک آملہ سار ۷ تولہ

ترکیب تیاری

دونوں کو ملا کر اتنا کھرل کریں کہ سیاہ رنگ کی کجلی تیار ہو جائے کم از کم ایک گھنٹہ کھرل کرنے سے کجلی تیار ہو جاتی ہے

○ اعصابی عضلاتی اکسیر

هوالشافی کشتہ چاندی ۱ تولہ کشتہ قلعی ۱ تولہ طباشیر ۲.۵ تو
الائچی کلاں ۲.۵ تولہ الائچی کلاں اور طباشیر کو علیحدہ باریک کر
کشتہ جات ملالیں۔
خوراک ۲ تا ۴ رتی ہمراہ مکھن یا مربہ گاجر۔
فوائد ہر قسم کی غدی عضلاتی اور غدی اعصابی امراض وعلامات کے
لئے لاجواب ہے۔

○ اعصابی غدی تریاق

هوالشافی ہلدی خالص ۵ تولہ شیر مدار ۱ تولہ ۔
ہلدی کو باریک کر کے شیر مدار ملاکر آدھا گھنٹہ کھرل کریں بس تیار ہے
خوراک ۲ رتی تا ۱ ماشہ تک ۔
فوائد ہر قسم کی عضلاتی غدی اور غدی عضلاتی امراض و علامات
لئے تریاق ہے ٹی بی کے لئے یہی نسخہ صابر صاحب نے چیلنج کے سا
پیش کیا ہے ۔

خوراک ارتی سے اماشہ تک -
فوائد غدی عضلاتی اکسیر ہے ہر قسم کی عضلاتی غدی اور عضلاتی اعصابی امراض و علامات کے لئے مفید ہے مصفی خون حد درجہ ہے -

---

غدی اعصابی ملین

ھوالشافی زنجبیل ۵ تولہ نوشادر ۲ تولہ مرچ سیاہ ا تولہ سنا مکی ۸ تولہ سفوف بنالیں -
خوراک ۴ رتی سے اماشہ -
فوائد غدی اعصابی ملین ہے ہر قسم کی غدی عضلاتی اور عضلاتی غدی امراض و علامات کے لئے مفید ہے -
خونی بواسیر ٹی بی یرقان پتہ کی پتھریاں اور گردہ مثانہ کی پتھریوں کے لئے مفید ہے -

---

غدی اعصابی اکسیر

ھوالشافی ہڑتال ورقیہ ا تولہ زنجبیل ۴ تولہ فلفل سیاہ ۳ تولہ تین گھنٹہ کھرل کریں بس تیار ہے -
فوائد تمام عضلاتی اعصابی اور غدی عضلاتی امراض و علامات کے لئے مفید ہے

غدی اعصابی ہاضم

ھوالشافی سنڈھ ۱ تولہ مرچ سیاہ ۱ تولہ فلفل دراز ۱ تولہ نوشادر ٹھیکری ۱ تولہ پودینہ ۲ تولہ گندھک آملہ سار ۴ تولہ میٹھا سوڈا ۴ تولہ سونف ۴ تولہ ریوند خطائی ۴ تولہ نمک خوردنی ۸ تولہ۔

تمام ادویہ کو باریک کر کے سفوف بنا لیں بس تیار ہے۔

فوائد ترش ڈکاریں تیزابیت پیٹ میں ہوا کا رکنا بدہضمی بھوک کی کمی اور قبض کے لئے مفید ہے۔

جوارش شاہی

ھوالشافی مربہ آملہ ۱۰ تولہ مربہ سیب ۱۰ تولہ کشنیز خشک ۲ تولہ الائچی خورد ۲ تولہ صندل سفید ۲ تولہ گل سرخ ۲ تولہ زرشک شیریں ۵ تولہ چینی اکلو۔

ترکیب تیاری

تمام ادویہ کو باریک کر کے سفوف بنا لیں اور پھر چینی کا قوام تیار کر کے ادویات ملا لیں۔

خوراک ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ تک

فوائد اعصابی عضلاتی فوائد کا حامل نسخہ ہے تمام غدی اعصابی اور غدی عضلاتی امرض و علامات کے لئے مفید ہے دل کی گھبراہٹ اور ہائی بلڈ پریشر کے لئے مفید ہے تمام غدی علامات کے لئے مفید ہے۔

غدی اعصابی مسہل سالٹ والا

هوالشافی سالٹ ۱۰ تولہ میٹھا سوڈا ا تولہ نوشادر ا تولہ قلمی شورہ ا تولہ عرق سونف ا بوتل۔
تمام ادویات کو عرق سونف میں حل کر لیں بس تیار ہے۔
خوراک ۲ تا ۵ تولہ رات کو سوتے وقت۔
فوائد غدی اعصابی فوائد کا حامل ہے کم خرچ اور لاجواب مسہل ہے تمام غدی عضلاتی اور عضلاتی غدی امراض و علامات کی لئے مفید ہے۔

تریاق معدہ و امعاء

هوالشافی پودینہ ۲ تولہ گندھک ۲ تولہ اجوائین دیسی ۴ تولہ سفوف بنالیں بس تیار ہے۔
خوراک ا تا ۳ ماشہ ہمراہ آب نیم گرم۔
فوائد غدی عضلاتی فوائد کا حامل نسخہ ہے درد معدہ قے اسہال معدہ بے چینی اور سوزش ورم کے لئے مفید ہے یورک ایسڈ کی زیادتی ریاح شکم وگیرہ کا خاتمہ کرتا ہے۔

تریاق تبخیر

ھوالشافی شنگرف ۱تولہ جائفل ۱تولہ قرنفل ۲تولہ دار چینی ۱تولہ عقرقرحا۱تولہ فلفل دراز ۲تولہ زنجبیل ۲تولہ ۔

ترکیب تیاری

پہلے شنگرف دارچینی کو باریک کر کے ملالیں بعد میں باقی ادویات کم ازکم ایک گھنٹہ کھرل کرکے ملالیں بس تیار ہے ۔

خوارک ۲رتی سے ۱ماشہ تک دن میں تین بار ۔

فوائد عضلاتی غدی اثرات کا حامل ہے تبخیر مزمن ہو یا شدید تریاق کا حکم رکھتا ہے فالج لقوہ نقرس پرانا احتلام سرعت انزال کمزوری بدن کی لئے مفید ہے عورتوں میں ماہواری کی کمی موٹاپا اور پیٹ بڑھ جانا کے لئے مفید ہے۔

اکسیر چھپاکی

ھوالشافی گل مدار تازہ ۵۰گرام ناگ کیسر ۳۰گرام سہاگہ سفید بریاں ۲۰گرام ۔

ترکیب تیاری

سب کو باریک کرکے سفوف بنالیں تیار ہے ۔

خوراک ۴رتی تا ۲ماشہ ۔

فوائد اعصابی غدی اثرات کا حامل ہے اس کے استعمال سے فوراً
چھپاکی رک جاتی ہے اگر مرض پرانی ہو تو دو تین ہفتہ استعمال کرانے
چھپاکی بالکل ٹھیک ہو جاتی ہے۔

سکون

ھوالشافی قلمی شورہ ۱۰۰ گرام پھٹکری سفید ۱۰۰ گرام دونوں کو
باریک پیس کر توے پر ڈال کر خشک کر لیں اور پھر باریک کر لیں بس تیار
ہے
خوراک ا تا دو گرام دودھ کی لسی کے ساتھ۔
فوائد اعصابی عضلاتی افعال کا حامل ہے۔
سوزش بول بندش بول اور پیشاب میں خون آنے کے لئے مفید ہے پتہ
وگردہ مثانہ کی پتھریوں کو خارج کرتا ہے۔

حب بندق

ھوالشافی رائی ۵۰ گرام پوست بندق ۵۰ گرام۔
دونوں ادویات کو اتنا کوٹیں کہ گولیاں بنانے کی قابل ہو جائیں اور
حب بقدر نخودی بنالیں۔ خوراک ایک تا دو گولی دن میں تین بار۔
فوائد غدی اعصابی اثرات کا حامل ہے بواسیر خونی اور بادی کے لئے
بے مثال ہے۔

مصفی خاص کیپشول

ھوالشافی رسونت ۵۰ گرام گندھک آملہ سار ۵۰ گرام
دونوں کو باریک کر کے سفوف بنالیں اور خالی بڑے کیپسول بھرلیں
خوراک ایک کیپسول صبح دوپہر شام تازہ پانی کے ساتھ
فوائد غدی اعصابی اثرات رکھتا ہے
حد درجہ مصفی خون ہے پھوڑے پھنسیوں کے لئے لاجواب ہے
بواسیر خونی بادی کے لئے بھی بہت اچھا ہے

سفوف مغلظ کشنیزی

ھوالشافی کشنیز ۱۰۰ گرام تالمکھانہ ۱۰۰ گرام چینی ۱۰۰ گرام
سب کو باریک کرکے سفوف بنالیں
خوراک ۵ گرام صبح شام ہمراہ دودھ
فوائد اعصابی غدی مغلظ ہے جریان احتلام اور سرعت انزال کے لئے
موثر ہے منی کو گاڑھا کرتا ہے

اکسیر جریان کیپشول

ھوالشافی رال سفید عمدہ باریک کر کے شیر برگد سے تر کر لیں اور سفوف بنا کر بڑے خالی کیپشول بھر لیں۔

خوراک ایک کیپشول صبح شام ہمراہ دودھ۔

فوائد عضلاتی اعصابی افعال اثرات کا حامل ہے جریان احتلام اور سرعت انزال کا خاتمہ کرتا ہے۔

حب مسکن

ھوالشافی طباشیر ۲ تولہ اجوائین خراسانی ۲ تولہ کافور ۲ تولہ گوند کیکر ۲ تولہ۔

تمام ادویات کو باریک کر کے تھوڑا سا پانی ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

فوائد اعصابی عضلاتی افعال و اثرات کا حامل ہے ذکاوت حس سرعت انزال اور احتلام کے لیئے بے حد مفید گولیاں ہیں۔

اکسیر جگر

ھوالشافی ریوند چینی ۵ تولہ نوشادر ۵ تولہ قلمی شورہ ۵ تولہ۔

سب ادویات کو باریک کر کے پیس لیں بس تیار ہے۔

خوراک ۲ تا ۳ ماشہ صبح دوپہر شام تازہ پانی کی ساتھ۔
فوائد اعصابی غدی اثرات کا حامل ہے یرقان جگر کی خرابی صفراو حرارات کی زیادتی اور جملہ گرم امراض کا خاتمہ کرتا ہے۔

کشنیزی

ھوالشافی کشنیز ۱۰۰ گرام چینی ۱۰۰ گرام
دونوں کو باریک کر کے سفوف بنالیں بس تیار ہے۔
خوراک ایک تا تین ماشہ صبح دوپہر شام تازہ پانی کی ساتھ۔
فوائد اعصابی غدی افعال و اثرات کا حامل ہے ہر قسم کے گرم امراض یرقان پیشاب کی جلن ہاتھ پاؤں کی جلن کے لئے مفید ہے نوجوانوں کی زکاوت حس کے لئے حد درجہ مفید ہے۔

تبخیری

ھوالشافی ریوند چینی ۵۰ گرام نوشادر ۵۰ گرام سوڈا بائی کارب ۵۰ گرام۔
تینوں ادویات کو باریک کر کے سفوف بنالیں اور تھوڑا سا پانی کا چھینٹا ڈال کر دونوں ہاتھوں سے ملیں سفوف ہلکا سا گیلا ہو جائے گا بس تیار ہے کسی ڈبے میں بند کر لیں۔
خوراک ایک تا تین ماشہ دن میں تین بار۔

فوائد اعصابی غدی اثرات کا حامل ہے۔
عضلاتی اور غدی تبخیر معدہ اور دائمی یا عارضی قبض یرقان بواسیر خونی جیسے امراض و علامات کے لیئے مفید ہے۔

اویسیہ کف سیرپ

ھوالشافی برگ بانسہ ۱۰۰ گرام ملٹھی ۱۰۰ گرام نوشادر ۱۰ گرام سوڈا بائی کارب ۲۵ گرام ست پودینہ ۲ گرام چینی ڈیڑھ کلو۔

ترکیب تیاری

برگ بانسہ اور ملٹھی کا دروڑا کریں اور رات کو دو کلو پانی میں بھگو دیں صبح آگ پر رکھ کر پکائیں جب پانی آدھا رہ جائے تو مل چھان کر پانی میں چینی ڈال کر قوام بنالیں اور قوام کو آگ سے نیچے اتار کر نوشادر اور سوڈا بائی کارب ملا کر خوب ہلائیں اور جب شربت ٹھنڈا ہو جائے تو ست پودینہ ڈال کر فورا بوتل میں بھرلیں بس تیار ہے۔

خوراک ایک تا دو چمچ صبح دوپہر شام۔
فوائد اعصابی غدی افعال و اثرات کا حامل ہے کھانسی دمہ اور ٹی بی کے لئے بے حد مفید شربت ہے۔